4672 ـ گاۓ فروخت کرنے کے بعد خود ہی اس کے پاس واپس آگئي

سوال

ایک شخص نے کسی دوسرے شخص کوگائے فروخت کی اوروہ خریدار کوجانتا بھی نہیں ، لیکن کچھ عرصہ بعد خریدار کے گھرسے گائے بھاگ کر فروخت کرنے والے کے گھر واپس آگئي ہے جبکہ وہ خریدار کوجانتا بھی نہیں اب اس نے گائے فروخت کرکے اس کی قیمت بھی استعمال کرلی ہے ، سوال یہ ہے کہ اب اس پر کیا لازم آتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

سوال میں جوکچھ گائے کے بارہ میں ذکر کیا گیا ہے اس کے لحاظ سے اسے لقطہ یعنی گمشدہ چیز میں شمار کیا جائے گا ، جیسا کہ سوال میں ذکر کیا گیا ہے کہ اس نے گائے فروخت کرکے اس کی قیمت بھی استعمال کرلی ہے ۔

تواس طرح اب اس پر لازم ہے کہ وہ لوگوں کے اکٹھاہونے والی جگہ پر ایک سال تک اعلان کرے اگرتومالک آجائے تواسے سب کچھ بتا کراسے گائے کی وہ قیمت واپس کردی جائے جتنی قیمت میں اس نے فروخت کی ہے ۔

اوراگر مالک نہ آئے تواس کی قیمت صدقہ کردے لیکن نیت یہ رکھے کہ جب بھی اس کا مالک آئے تو اس کے مطالبہ اورصدقہ کی اجازت نہ دینے پر اسے واپس کرے گا ۔

واللہ اعلم .